کی کثرت سے کمال انشا کی داد دی گئی ہے۔ دوسری قسم کے خطوط وہ ہیں جو نہایت سادہ بے تکلف اور مکالمہ کے انداز میں تحریر کئے گئے ہیں۔ ارباب ذوق کو اس کی قدر کرنی چاہیئے۔

میلاد شہید منظوم :- مرتبہ مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی تقطیع خورد ضخامت ۴۰ صفحات کتابت و طباعت متوسط قیمت ۴ر ملنے کا پتہ :- مصطفائی بک ڈپو ڈیوڑھی بیگم آگرہ

مولانا غلام امام شہید مرزا غالب کے ہم عصر اور اردو فارسی کے پُرگو اور باکمال شاعر تھے اور ان خوبیوں پر مستزاد یہ کہ صاحب باطن بزرگ تھے، عشق و محبت رسول اللہ علیہ وسلم میں ان کی شیفتگی و فدائیت اس درجہ پر تھی کہ بجز نعت لکھنے اور پڑھنے کے کوئی شغل ہی نہیں تھا۔ اسی سبب سے "مداح نبیؐ" اور "عاشقِ رسولؐ" کے مبارک القاب سے مشہور تھے۔ اسی عشق و محبت کے عالم میں انہوں نے ایک منظوم میلاد نامہ لکھا تھا جس میں متعدد نعتیہ قصیدے، غزلیں اور بحر طویل میں کئی نظمیں شامل ہیں۔ اب مفتی صاحب نے میلاد نامہ میں حضرت شہید کی دو نظمیں اور شامل کر کے اس کو افادہ عام کے خیال سے شائع کر دیا ہے اور شروع میں مولانا شہید کے ذاتی سوانح اور ان کے فضائل و کمالات پر ایک جامع مقدمہ لکھا ہے۔ میلاد نامہ کے ایک ایک شعر سے عشق رسول کا اظہار ہوتا ہے اور یوں بھی زبان فصاحت و بلاغت بیان، اور قدرت کلام کے اعتبار سے اس کو اردو ادب کا نادرہ روزگار شاہکار کہہ سکتے ہیں۔ میلاد کی عام مجلسوں میں اگر اس میلاد نامہ کے پڑھنے کا دستور ہو جائے تو مسلمانوں کو بڑا فائدہ ہو۔

مشرقی کا مذہب :- از مولوی عبدالصمد صاحب رحمانی تقطیع خورد کتابت طباعت متوسط ضخامت ۱۶ صفحات قیمت ار پتہ :- برقی مشین پریس مراد پور پٹنہ۔

عنایت اللہ خاں مشرقی نے "مولوی کا غلط مذہب" کے نام سے کئی ٹریکٹ لکھے تھے۔ اب

[مول]وی عبدالصمد صاحب نے اس کے جواب میں "مشرقی کا مذہب" لکھ کر یہ بتایا ہے کہ خود مشرقی کے مذہبی خیالات [کیا ہ]یں؟ اور اُس کے دینی عقائد کی کیا حقیقت ہے؟ یہ رسالہ گویا ایک آئینہ ہے جسے دیکھ کر اگر مشرقی صاحب [اپن]ا سامنہ لے کر رہ جائیں تو بعید نہیں۔

[کا]رل مارکس:- از باری صاحب علیگ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر- [قیم]ت ۶/ ملنے کا پتہ:- مکتبہ اُردو لاہور۔

کارل مارکس ایک زبردست انقلابی تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے اچھی طرح روشناس ہے۔ اس [کتا]ب میں اُسی کی سوانح عمری اور اُس کے خیالات پر عقیدتمندانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے ابتدائی [با]ب میں مارکس کے ذاتی حالات کا بیان ہے، اور دوسرے حصہ میں اُس کی تعلیمات اور معاشی واقتصادی [مس]ائل سے متعلق اُس کے ذاتی خیالات کا ذکر ہے۔ مارکس کے حالات کے ضمن میں ہیگل اور مارکس کے ساتھیوں [میں ف]رڈیرک اینگلز وغیرہ کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب کا افادہ عام کرنے کے لئے باری صاحب نے یہ جدت کی ہے [کہ کت]اب کے آخر میں اُنھوں نے انگریزی اور اُردو الفاظ کی ایک فرہنگ درج کی ہے۔ جس سے فلسفیانہ اور [معاش]ی واقتصادی اصطلاحات کے سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی [باری] صاحب کا انقلابی انداز تحریر اور زور بیان بدرجہ اتم موجود ہے۔

[سو]شلزم:- از جناب باری صاحب علیگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۶ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ [قیمت] ۶/ ملنے کا پتہ:- مکتبۂ اُردو لاہور۔

سوشلزم کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں پر کارل مارکس کے مخلص دوست اور رفیق کار فریڈرک اینگلز [نے ا]یک کتاب جرمن زبان میں لکھی تھی زیر تبصرہ کتاب اسی کتاب کے انگریزی ترجمہ کا اُردو ترجمہ ہے۔ مصنف